سے زیادہ ہے‘ بلاسود بنکاری کے نام پر منصوبے اصلاً سودی بنکاری ہیں۔ امریکہ دنیا کی تاریخ کا بدترین مگر بزدل ترین دہشت گرد‘ ضلعی حکومتوں کا نظام عالمی استعماری منصوبہ، شادی کی تقریبات میں بوہری فرقے کی زبردست اسلامی روایات‘ مشرق کا اصل مسئلہ کہ وہ مغرب بنتا جارہا ہے‘ دہشت گردی کے خلاف دہشت گردوں کا اتحاد (افغانستان کے خلاف جنگ) روس چین امریکہ دس کروڑ انسان قتل کر چکے‘ طالبان یا امریکہ...... تیسرا رستہ کوئی نہیں‘ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے حادثے میں چار ہزار یہودی کیسے بچ گئے؟ ان وقیع موضوعات پر مشتمل شمارے شائع کرنے پر ’’ساحل‘‘ کے مدیر اعلیٰ خالد بن حسن اور مدیران اشرف لودھی اور محمد طارق کی ہمت و کاوش قابل صد تحسین ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● کتاب: ورلڈ آرڈر اور پاکستان مصنف: عبدالرشید ارشد

ضخامت: ۱۸۸ صفحات قیمت: ۲۵ روپے ناشر: النور ٹرسٹ (رجسٹرڈ) جوہر پریس بلڈنگ۔ جوہر آباد

جب سے دنیا وجود میں آئی ہے ہر دور کے حکمران نے ورلڈ آرڈر جاری کئے۔ نمرود‘ شدّاد‘ فرعون سے لے کر کلنٹن بش تک سب ایسے ہی منہ زور حکمرانوں کا ایک تسلسل ہے اور ان سب کا نعرہ ایک ہی رہا کہ ہم یہ سب کچھ بہود کے لیے کرر ہے ہیں۔ اس کے نفاذ کے بعد دنیا میں امن وسکون کا دور دورہ ہوگا‘ مگر زمانے کی نظر نے دیکھا اور ماضی حال اس بات کا شاہد ہے کہ انسانیت خسارے میں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر ورلڈ آرڈر کے بانی کے پیش نظر صرف اپنی حکمرانی‘ اپنی انائیت یا اس سے تھوڑا آگے اپنی قوم کے مفادات تھے اور آج بھی ہیں۔ محدود سوچ رکھنے والا انسان کبھی اپنے خول سے باہر آ کر کسی دوسرے کے لیے ایسا ورلڈ آرڈر بنائے جس سے دوسرے لوگ بھی وہی کچھ حاصل کریں ناممکن ہے۔ عقل و دانش سے قریب یہی بات نظر آتی ہے کہ انسانی فلاح کے لیے وہی ورلڈ آرڈر صحیح ثابت ہوسکتا ہے جو انسان کے خالق نے اس کے لیے وضع کیا ہے۔ جو اپنی تخلیق کی فطری خوبیوں اور خامیوں سے مکمل طور پر آگاہ ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ انسان کی گزری ہوئی زندگی اور آنے والے حالات سے بھی باخبر ہو۔

کتاب زیر نظر میں مختلف مضامین اسی حوالے سے سیر حاصل بحث کی گئی اور اس بات کی آگاہی کی ایک بہت ہی بلند پایہ کاوش ہے۔ جناب عبدالرشید ارشد ایک کہنہ مشق اور صحیح الفکر لکھاری ہیں۔ یہودیت و عیسائیت کی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشیں اور منصوبہ بندیاں اُن کی تنقید و تحقیق کے خاص موضوعات ہیں۔ اس کتاب میں بھی یہی روح کارفرما ہے ۔محترم عبدالرشید ارشد اس قابل قدر کوشش کے لیے بلاشبہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● علمائے دیوبند‘ عہد ساز شخصیات مرتب: مولانا مجاہد الحسینی

ضخامت: ۴۰۰ صفحات قیمت: ۳۰۰ روپے ناشر: سیرت مرکز۔ ۶۵ بی پیپلز کالونی فیصل آباد

مولانا مجاہد الحسینی ایک کہنہ مشق صحافی، متبحر عالم دین اور اسلاف کی روایات کے امین ہیں۔ علامہ شبیر احمد عثمانی،